مرتکبین کے لیے گھرسے توجہ ہٹانے کی دوسری تکنیک کسی کے گھرپر جانا اور گھر میں داخل ہونے کے لیے مشروب یا پانی طلب کرنا، غسل خانے کا استعمال کرنے، یا ٹیلیفون استعمال کرنے کی اجازت طلب کرنا ہے۔ وہ فرد شکار فرد کی توجہ دوسری طرف لگا دیتا ہے جبکہ اس کا ساتھی قیمتی اشیاء تلاش کرتا ہے۔

کسی بھی ایسے شخص سے ہوشیار رہیں جو خود کو ایسی کمپنیوں، صارفین کی تنظیموں، یا سرکاری ایجنسیوں کا نمائندہ بتاتے ہوں جو فیس لے کر جعلساز ٹیلی مارکیٹرز سے رقم کی بازیابی کی پیشکش کرتے ہوں۔ اسی انداز کا ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ، کبھی کبھی سامنے والا خود کو ایک آفیسر ظاہر کرتا ہے جو آپ کی مدد سے کسی چور کو "پکڑنا" چاہتا ہے۔ اس طرح کی اسکیموں پر عمل نہ کریں۔

کچھ لوگ گھر میں مرمت کے متعدد کام کرنے کی پیشکش کرتے ہوں جیسے کہ آپ کی چھت یا ستے میں چینی مٹی کے ٹائلز لگانا۔ مشتبہ افراد یہ دعوی کرتے ہیں کہ ان کے پاس دوسرے کام سے بچے ہوئے میٹریلز ہیں۔ کام مکمل ہوجانے کے بعد، کام کی لاگت پہلی بار بتائے گئے نرخ سے زیادہ ہوتی ہے اور ادائیگی نقد میں طلب کی جاتی ہے۔ ساتھ ہی، مشتبہ فرد کام کے لیے پیشگی رقم طلب کرسکتا ہے اور جانے کے بعد پھر واپس نہیں آتا۔

ہنگامی 9-1-1 پولیس غیر ہنگامی -713 884-3131

عمومی معلومات کے لیے، اپنے مقامی پولیس اسٹیشن سے رابطہ کریں (ذیل میں نمبرات فراہم کیے گئے ہیں)

یا

پبلک افیئرز سے اس نمبر پر رابطہ کریں

713-308-3200

سٹیزن ہیلپ لائن کے لیے ڈائل کریں 2-1-1

مزید معلومات کے لئے، ملاحظہ کریں

www.houstonpolice.org

ہیوسٹن کے پولیس اسٹیشنز

ایرپورٹ - بش	281-230-6800
ایرپورٹ - ہابی	713-845-6800
سنٹرل	713-247-4400
کلیئر لیک	281-218-3800
ایسٹ سائڈ	713-928-4600
کنگ ووڈ	281-913-4500
مڈ ویسٹ	832-394-1200
شمال	281-405-5300
شمال مشرق	713-635-0200
شمال مغرب	713-744-0900
جنوبی سنٹرل	832-394-0200
جنوبی جیسنر	832-394-4700
جنوب مشرق	713-731-5000
جنوب مغرب	713-314-3900
اسپیشل اوپس	832-394-0000
ویسٹ سائڈ	281-584-4700

بزرگ شہریوں سے متعلق جرائم سے بچاؤ

ہیوسٹن کو

محفوظ

رکھیے

پوری زندگی کا تجربہ ساتھ ہی عمر سے وابستہ جسمانی مسائل اکثر عمر رسیدہ امریکیوں کو نقب زنی، ڈکیتی، جسمانی مارپیٹ، اور دیگر پرتشدد جرائم کا شکار ہونے کے خوف میں مبتلا رکھتی ہے۔ تاہم، عمر رسیدہ شہریوں کے خلاف بڑے جرائم اکثر جعلسازی اور دھوکہ دہی کے ذریعہ انجام دیے جاتے ہیں۔

ذاتی تحفظ

- اسٹور، بینک، اور ڈاکٹر کے پاس جاتے ہوئے اکیلے جانے کے بجائے اگر ممکن ہو تو، خاندان، دوستوں، یا کسی گروپ کے ساتھ جائیں۔
- اپنے موصول ہونے والے چیکوں، جیسے کہ اپنے سوشل سیکیورٹی اور ریٹائرمنٹ کی ادائیگیوں کے لیے ڈائرکٹ ڈپازٹ کا استعمال کریں۔
- زیادہ مقدار میں نقدی یا تحریص دینے والے دوسرے آئٹمز، جیسے مہنگے زیور یا لباس کی نمائش کرنے سے بچیں۔

گھر پر تحفظ

- اپنے دروازے اور کھڑکیوں کو مقفل کردیں۔
- اجنبیوں کو اپنے گھر میں نہ آنے دیں۔
- کسی کا اندازہ اس کی ظاہری شخصیت سے نہ کریں، خوش لباس لوگ بھی جرائم کرتے ہیں اور یہی معاملہ خواتین کے ساتھ بھی ہے۔
- اگر آپ نے سوشل سروسز، مفت کریانہ سامان یا طبی توجہ کے لیے کال نہیں کیا ہے یا اس کے لیے اندراج نہیں کروایا ہے تو، کسی ایسے اجنبی کو اندر نہ آنے دیں جو آپ کو قائل کرنے کی کوشش کرے کہ آپ کو ان کی خدمات کی ضرورت ہے۔
- اگر آپ نے سروسز کے لیے کال کیا ہے تو، اس شخص کے گھر میں داخل ہونے سے پہلے اس کی شناخت کی جانچ کریں۔
- کبھی بھی کسی کو یہ نہ جاننے دیں کہ آپ اکیلے/ اکیلی رہتے/رہتی ہیں یا گھر پر اکیلے ہیں۔
- ایک دوسرے کی خیر خیریت جاننے کے لیے کسی دوست کے ساتھ "بڈّی" سسٹم بنائیں۔ جیسے ہی کوئی اجنبی آئے، کسی قابل اعتبار پڑوسی کو بلالیں۔
- گھر میں الارم سسٹم پر غور کریں جو نقب زنی، آگ، اور ہنگامی طبی حالات کے لیے نگرانی فراہم کرے۔

ٹیلیفون پر فروخت کی آڑ میں دھوکہ دہی

- "ناقابل یقین حد تک بہتر" والے ٹیلیفون پیشکشوں پر شبہ کریں۔
- فوری فیصلہ لینے کا دباؤ ڈالنے پر مدافعت کریں اور تحریری فالو اپ مواد طلب کریں جس میں پیشکش کی وضاحت ہو۔
- لاٹری "جیتنے" کی اطلاع دیے جانے پر ڈاک ٹکٹ سے زیادہ کے رقم کی ادائیگی پر اتفاق نہ کریں۔ سبھی قانونی لاٹری والوں کے لیے گیم کھیلنے اور انعام لینے کے لیے "کوئی خرید ضروری نہ ہونے" کی اجازت دینا لازمی ہے۔
- کبھی بھی کسی نامانوس کمپنی سے کال کرنے والے کو، اپنے بیٹر بزنس بیورو، اسٹیٹ کنزیومر پروٹیکشن ایجنسی یا اسٹیٹ اٹارنی جنرل سے کمپنی کے بارے میں معلومات حاصل کیے بغیر اپنا کریڈٹ کارڈ نمبر یا چیکنگ اکاؤنٹ نمبر نہ دیں۔
- کبھی بھی کسی نامعلوم کال کرنے والے کو خود کو ایسی گفتگو میں لے جائے جانے کی اجازت نہ دیں جس میں آپ کا نام، پتہ، ازدواجی حیثیت یا کسی دیگر چیز سے پتہ چلتا ہو کہ آپ اکیلے ہیں۔
- غیر مطلوبہ ٹیلیفون کالوں کی تعداد میں کمی کرنے کے لیے کمپنی کی "کال مت کیجیے کی فہرست" میں رکھے جانے کی درخواست کریں۔

تازہ ترین گھوٹالے

ایک خاتون بتاتی ہیں کہ وہ ایک سوشل ورکر ہیں اور انہیں آپ کے سماعت کی جانچ کرنی ہے۔ جب آپ اس کی جانب سے رخ موڑتے ہیں تو، وہ آپ کی قیمتی چیزیں اٹھا لیتی ہے یا اس کے جانے کے بعد آپ پاتے ہیں کہ چیزیں غائب ہیں۔

موسم بہار، موسم گرما یا خزاں کے دوران جب باہر موسم خوشگوار ہوتا ہے تو، لوگ اپنے صحن میں کام کرتے ہوئے اکثر اپنے گھروں کے دروازے بند نہیں کرتے ہیں۔ کوئی ایک شخص شکار کے پاس پہنچ کر اس کی توجہ مبذول کرے گا جبکہ دوسرا شخص متاثر فرد کے گھر میں گھس کر رقم، زیورات اور دیگر قیمتی اشیاء چرا لیتا ہے۔